# سوال

اکیلے نماز پڑھنے کے لیے اقامت کا حکم

# جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا اکیلے نماز پڑھنے کے لیے اقامت کہنی چاہیے کہ نہیں؟

---

## الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اکیلے نماز پڑھنے کے لیے اذان واقامت درست ہے دیکھیں (نسائی شریف جلد اول کتاب الاذان باب الاذان لمن یصلی وحدہ وباب الاقامۃ لمن یصلی وحدہ) ''حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا: تمہارا پروردگار بکریاں چرانے والے سے تعجب کرتا ہے جو پہاڑ کی چوٹی پر رہ کر اذان دیتا اور نماز پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے بندے کو دیکھو جو نماز کے لیے اذان دیتا اور اقامت کہتا ہے اور مجھ سے ڈرتا ہے میں نے بخش دیا اور جنت میں داخل کیا''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

نماز کا بیان ج1ص119